پارہ 21 اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ

استاذہ عفت مقبول کے ساتھ

قرآن وسنت کی روشنی میں
ہدایت کا سفر

2019

دَورۃُ القُرآن

رشتے جوڑیئے

دورۃ القرآن 2019

نور القرآن Nuran

پارہ 21

- قرآن سمجھ کر پڑھنا ہے اور دوسروں کو بھی اسکی تلقین کرنی ہے۔
- غیر مسلموں کو بھی قرآن کی دعوت دینی ہے.
- صرف دکھوں اور غموں میں نہیں، خوشیوں میں بھی اللہ کو یاد رکھنا ہے۔
- کائنات کا ہر ذرہ دعوت فکر دیتا ہے۔ غور و فکر کرنا ہے۔
- اپنا محاسبہ کرنا ہے۔ اپنے دلوں میں جھانکنا ہے۔

دورۃ القرآن 2019

پارہ 21

- دین کو ٹکڑوں میں نہیں بانٹنا۔ گروہ بندی سے بچنا ہے۔
- قرابتداروں مسکینوں، مسافروں کو ان کا حق دینا ہے۔
- زمین پر فساد نہیں پھیلانا۔ امن قائم کرنا ہے۔
- ناامیدی کے اندھیروں میں سے امید کے اجالے نکلتے ہیں۔ اللہ سے اس کی رحمت کی امید رکھنی ہے۔
- لغو باتوں اور موسیقی سے دور رہنا ہے۔

پارہ 21

"ہماری
نمازیں بے اَثر
کیوں ہو گئیں
"

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے کہا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ! فلاں شخص نماز پڑھتا ہے لیکن چوری نہیں چھوڑتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب اس کی نماز اس کی یہ برائی چھڑا دے گی۔

پارہ 21

رشتے جوڑیئے

مچھلی کا پانی سے رشتہ نہ جڑے تو مر جائے، انسان کا قرآن اور اللہ سے رشتہ نہ جڑے تو دل مردہ ہو جائے، ماں کا بچے سے رشتہ نہ جوڑے تو ممتا مر جائے، خاوند کا بیوی سے رشتہ نہ جڑے تو زندگی بے جان ہو جائے، انسان کا انسانیت سے رشتہ نہ جڑے تو انسان حیوان بن جائے۔